ہند-چین کے خصوصی نمائندوں کے درمیان سرحدی امور پر اٹھارہویں دور کے مذاکرات

24/مارچ (آئی این ایس انڈیا)

23/مارچ 2015 کو نئی دہلی میں ہند- چین کے خصوصی نمائندوں قومی سلامتی کے مشیر جناب اجیت ڈھوبال اور اسٹیٹ کاؤنسلر ینگ جیچی کے درمیان اٹھارہویں دور کے مذاکرات کا انعقا کیا گیا۔مذاکرات خوشگوار اور بے لاگ رہا اور تعمیری اور تخلیقی فضاء میں ہوئے۔

ہندوستان میں نئی حکومت کے قیام کے بعد خصوصی نمائندوں کے مذاکرات کا پہلا دور تھا۔اجلاس میں دونوں مما لک کے نمائندوں نے اس معاملے پر ماضی میں ہوئے مذاکرات کا وسیع جائزہ لیا اور مذاکرات کے عمل کی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے جلداز جلد سرحد کے مسئلہ پر منصفانہ،عقلی اور باہمی قابل قبول تجویز کے لئے تین سطحی عمل اپنانے کے عزم کا اظہار کیا۔خصوصی نمائندوں نے سیاسی معیار اور رہنما بنیاد پر معاہدے کی بنیاد پر سرحد کے مسئلے کی تجویز کیلئے باہمی قابل قبول فریم ورک پر پہنچنے تک مذاکرات جاری رکھا۔

دونوں فریق نے سرحدی علاقوں میں امن وامان قائم کرنے کیلئے ضروری اقدامات پر اتفاق کیا جو کہ دوطرفہ تعلقات کی ترقی کو جاری رکھنے کیلئے اولین شرط ہے۔خصوصی نمائندوں نے دونوں مما لک کے فورسز کے درمیان بڑھتے روابط پر اطمینا کا اظہار کیا اور سرحدی علاقوں میں امن وسکون کے قیام کیلئے ضروری اعتماد سازی کے قیام کیلئے اس طرح کے روابط کو مزید بڑھانے

پر اتفاق کیا۔

خصوصی نمائندوں نے چینی صدرشی جن پنگ کے ستمبر 2014 کے ہندوستان کے کامیاب دورے کے تناظر میں باہمی تعلقات کے ممکنہ ترقیات کا جائزہ لیا، جو ہند-چین تعلقات میں ایک اہم موڑ تھا۔ دونوں فریق صدرشی جن پنگ کے دورے سے حوصلہ افزاء رفتار کو ریلوے، اسمارٹ سٹی، پیشہ وارانہ تعلیم، مہارت کی ترقی، صفائی اور قابل تجدید توانائی اور مینوفکچرنگ سیکٹرس جیسے علاقوں میں مزید توسیع کئے جانے پر اتفاق کیا۔ دونوں فریق نے اتفاق کیا کہ ہندوستانی اور چینی صوبوں کے درمیان مماثل شہروں اور صوبوں کا طرقہ کار دوطرفہ تعلقات کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ دونوں خصوصی نمائندوں نے مضبوط دوطرفہ تعلقات کیلئے اعلی سطحی تبادلہ خیال کی اہمیت پر زور دیا۔

دونوں فریق نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی مسائل پر تبادلہ خیال کیا اور انسداد دہشت گردی، سمندری سیکورٹی، ماحولیاتی تبدیلی، اقوام متحدہ میں بہتری اور غیر فوجی جوہری توانائی تعاون کیلئے بات چیت بڑھانے پر اتفاق کیا۔

اسٹیٹ کونسلر یانگ جیچی نے 24 مارچ کو وزیر اعلی نریندر مودی سے ملاقات کی اور صدرشی جن پنگ اور وزیر اعظم لی کی چیانگ کی مبارکباد بھی پیش کی۔

نئی دہلی

24 مارچ، 2015